## دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

## جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

### مرکز برائے مغربی ایشیا مطالعات، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے دو ہفتے پر مشتمل صلاحیت سازی کے پروگرام کا افتتاح کیا

New Delhi, October 6, 2025

مرکز برائے مغربی ایشیا مطالعات، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے نیلسن منڈیلا مرکز برائے امن ورفع تنازعات (این ایم سی پی سی آر) کے اشتراک سے 'میتھوڈولوجیکل انوویشن، کلچرل اسٹڈیز اینڈ اپسٹیمک جسٹس ان سوشل سائنس رسرچ' کے موضوع پر آج صلاحیت سازی کے پروگرام کا افتتاح کیا۔

انڈین کونسل آف سوشل سائنس رسرچ (آئی سی ایس ایس آر) کے اسپانسر کردہ دو ہفتے پر مشتمل صلاحیت سازی کا افتتاحی پروگرام انڈیا عرب کلچر سینٹر کے کانفرنس ہال میں منعقد کیا گیا۔

پروگرام کا آغاز کورس ڈائریکٹر پروفیسر ایچ۔اے۔نظامی، سی ڈبلیو اے ایس کے استقبالیہ خطبے اور موضوع کے تعارف سے ہوا۔انہوں نے موضوع سے متعلق اپنی تعارفی تقریر میں پروگرام کے اغراض ومقاصد کو اجاگر کیا۔ پروفیسر نظامی نے سامعین کو بتایا کہ پورے ملک سے سات سو بیالیس درخواستیں موصول ہوئی تھیں جن میں سے تیس اسکالروں کو سخت جانچ کے بعد منتخب کیا گیا ہے۔منتخب شرکا میں آسام، مغربی بنگال، کیرالا، تمل ناڈو، ہریانہ، اتر پردیش اور بہار سمیت مختلف علمی پس منظر کے حامل افراد شامل ہیں۔

پروگرام کے مہمان اعزازی پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے کیریئر کی ابتدا کرنے والے فیکلٹی اراکین اور محققین کے لیے اس نوع کے پروگراموں کی اہمیت ومعنویت کی وضاحت کرتے ہوئے ترغیب وتشویق سے بھرپور تقریر کی۔ انہوں نے متعلقین خاص طور سے طلبہ اور پالیسی سازوں کی ضروریات سے ہم آہنگ نصاب کی تیاری اور تحقیقی مہارتوں اور استعداد کی پختگی کی اہمیت کے ساتھ ساتھ تعلیمی تحقیق میں ہندوستانی علوم وفنون کے نظام کی شمولیت کو یقینی بنانے پر زور دیا۔ پروفیسر رضوی نے شرکا کی اس بات کے لیے ہمت افزائی کی کہ وہ اپنی تحقیقی سرگرمیوں میں تنقیدی، اخلاقی اور تہذیبی جڑوں کو نگاہ میں رکھیں تا کہ متعلقہ شعبے میں حقیقی اور بامعنی علمی وتحقیقی تعاون پیش کرسکیں۔

اپنے صدارتی خطاب میں شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر مظہر آصف نے شرکا کا پُر تپاک خیر مقدم کیا اور فیکلٹی اراکین کی تعلیمی وتحقیقی صلاحیتوں کو جہت دینے اور انہیں فروغ دینے میں صلاحیت سازی کے پروگراموں کے اہم رول کو

اجاگر کیا۔انہوں نے نئے اسکالروں سے کہا کہ تحقیقی میدان میں حقیقی اور دیانت داری کی قدروں کو برقرار رکھتے ہوئے وہ مجموعی طور پر سماج اور انسانیت کے فروغ میں اپنا قیمتی تعاون دیں۔سماجی لحاظ سے بامعنی تحقیق کرائے جانے کی اہمیت و وقعت کا احساس دلاتے ہوئے پروفیسر آصف نے جامعہ میں بامعنی اور ثمرآور آموزشی تجربے کے سلسلے میں تمام شرکا کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

پروفیسر ابوذر خیری،اعزازی ڈائریکٹر،این ایم سی پی سی آر کے اظہار تشکر کے ساتھ پروگرام کا اختتام ہوا۔انہوں نے شیخ الجامعہ اور مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ،آئی سی ایس ایس آر، ڈینز اور سینٹرز کے ڈائریکٹرز،صدور شعبہ جات،شرکا،فیکلٹی اراکین اور غیر تدریسی عملہ اور جلسہ گاہ میں موجود تمام حاضرین کا ان کی شرکت کے لیے شکریہ ادا کیا۔پروگرام کے کامیاب انعقاد کے سلسلے میں ڈاکٹر افشاں اور ڈاکٹر غزالہ شعبان کی قابل ستائش کوششوں کے لیے انہوں نے ان کا خاص طور پر نام لیا۔

صلاحیت سازی کے پروگرام کے انعقاد کا مقصد تعلیمی لین دین، مباحثہ اور سخت طریقیاتی تربیت کی فراہمی کے لیے ایک پلیٹ فارم مہیا کرانے کے ساتھ نئے فیکلٹی اراکین اور محققین میں تحقیقی افضلیت کو فروغ دینا ہے۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلی،تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ